## اندرون سندھ میں دہشت گردوں کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کے 46 یونٹ اور 16 انتخابی دفاتر نذرآتش کئے گئے

کراچی ۔۔۔ 7، جنوری 2008ء

27، دسمبر کو پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد اندرون سندھ کے 9 شہروں میں متحدہ قومی موومنٹ کے 9 زونل، 46 یونٹ اور 16 انتخابی دفاتر پر حملے کئے گئے اور دفاتر کو نذرآتش کیا گیا ہے ۔ مسلح دہشت گردوں نے سب سے زیادہ قمبر شہداد کوٹ میں ایم کیوایم کے دفاتر کو نقصان پہنچایا ہے جہاں ایم کیوایم کے 11 دفاتر کو نذرآتش کیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق سانحہ روالپنڈی کے بعد سندھ کے مختلف شہروں میں مسلح دہشت گردوں نے حیدرآباد میں 4 یونٹ اور 2 انتخابی دفاتر، میر پور خاص میں ایک یونٹ آفس، نواب شاہ میں ایک یونٹ اور پانچ انتخابی دفاتر، سکھر میں دو یونٹ آفسوں، سانگھڑ میں زونل آفس، ایک یونٹ آفس، نوشہرو فیروز میں زونل آفس، چار یونٹ آفس، ایک انتخابی دفتر، گھوٹکی میں زونل آفس، آٹھ یونٹ دفاتر، ٹھٹھہ میں زونل آفس، دو یونٹ دفاتر، بدین میں ایک یونٹ آفس، دادو میں زونل آفس، دو یونٹ اور دو انتخابی دفاتر، لاڑکانہ میں زونل آفس، دو یونٹ دفاتر، خیر پور میں چار یونٹ آفسوں، قمبر شہداد کوٹ میں سات یونٹ اور چار انتخابی دفاتر، جیکب آباد میں زونل دفاتر، ایک یونٹ آفس، شکار پور میں زونل آفس، ایک یونٹ اور ایک انتخابی دفتر، جامشورو میں زونل آفس، پانچ یونٹ اور ایک انتخابی دفتر کو نذرآتش کیا گیا ہے ۔ مسلح دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم کے دفاتر پر حملے اور انہیں نذرآتش کئے جانے کے بعد بیشتر دفاتر مکمل طور پر تباہ جبکہ بعض دفاتر کو شدید نقصان پہنچا ہے ۔

## پیپلز پارٹی شہید بھٹو نے عام انتخابات میں حق پرست امیدواران برائے این اے 255 آصف حسنین اور برائے پی ایس 128 سردار خان کی حمایت کا اعلان کردیا

کراچی ۔۔۔ 7، جنوری 2008ء

پیپلز پارٹی شہید بھٹو کراچی ڈویژن کے صدر نذیر مدی نے عام انتخابات میں حق پرست امیدواران برائے این اے 255 آصف حسنین اور برائے پی ایس 128 سردار خان کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا ہے اور علاقے کے عوام سے اپیل کی ہے وہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو اپنا  ووٹ دیکر کامیاب بنائیں ۔ یہ اعلان انہوں نے پیپلز پارٹی شہید بھٹو کراچی ڈویژن کے تحت معین آباد لانڈھی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ میں کیا جس میں علاقے کے بزرگوں اور نوجوانوں کے علاوہ حق پرست امیدواران آصف حسنین اور سردار خان نے بھی شرکت کی ۔ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے نذیر مدی نے کہا کہ این اے 255 اور پی ایس 128 کی نشستوں پر حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان ہم نے پختون عوام کی بھلائی کی خاطر کیا ہے کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ اس شہر میں بلاامتیاز و تفریق عوام کی عملی خدمت میں مصروف ہے ۔انہوں نے کہا کہ پختون آبادیوں میں بعض عناصر اپنے ذاتی اور سیاسی مفادات کی خاطر غریب پختون عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کی سازش کررہے ہیں جو کہ قابل مذمت ہے ۔انہوں نے کہا کہ پختون عوام باشعور ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ جو عناصر صوبہ سرحد میں پختون عوام کی حمایت سے محروم ہیں وہ کراچی میں آباد پختون عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کوئی کردار ادا نہیں کرسکتے ۔انہوں نے مزید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے عام انتخابات میں پختون برادری کے افراد کو نمائندگی دیکر کراچی کے چالیس لاکھ پختونوں کے دل جیت لئے ہیں ۔اس موقع پر حق پرست امیدواران آصف حسنین اور سردار خان نے پیپلز پارٹی شہید بھٹو کراچی ڈویژن کے صدر نذیر مدی کی جانب سے عام انتخابات میں حمایت کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم شہر کی ترقی اور عوام کی بلاامتیاز و تفریق خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گی ۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد اور اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 7، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن سید جعفر علی مرحوم کی صاحبزادی محترمہ علینا جعفر اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن یونٹ 124 کے شہید کارکن جمال حسن اور یونٹ کمیٹی کے رکن کمال حسن کی والدہ محترمہ زرینہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔

## حق پرست امیدواران کی عوامی کالونی کورنگی انڈسٹریل ایریا میں لوٹ مار کے متاثرین سے ملاقاتیں
## متاثرہ افراد ایم کیوایم کے شکایتی سیل میں رابطہ کریں اور نقصانات کے کوائف جمع کرائیں، حق پرست امیدواران

کراچی۔۔۔7، جنوری 2008ء

حق پرست نامزد امیدواران برائے این اے 254 ڈاکٹر ایوب شیخ، برائے پی ایس 123 شیخ محمد افضل، برائے پی ایس 124 علیم الرحمٰن اور برائے پی ایس 125 معین عامر پیرزادہ نے اتوار کے روز عوامی کالونی کورنگی انڈسٹریل ایریا کا دورہ کیا اور سانحہ راولپنڈی لیاقت باغ کے بعد مسلح دہشت گردوں کی جانب سے جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات سے متاثرہ کاروباری شخصیات اور دیگر شہریوں سے ملاقاتیں کیں۔ حق پرست امیدواران نے متاثرین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی جانب سے لوٹ مار، جلاؤ گھیراؤ اور پرتشدد کارروائیوں سے متاثرہ افراد کے نقصانات کے ازالہ کیلئے ہرسطح پر کوششیں کی جارہی ہیں اور اس سلسلے میں کراچی میں خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد جبکہ اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے مختلف زونوں میں شکایتی سیلوں کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔ انہوں نے متاثرہ افراد سے اپیل کی کہ وہ اپنے نقصانات کی تفصیلات جلد از جلد ایم کیوایم کے شکایتی سیل میں جمع کرائیں تاکہ ان کے نقصانات کی تفصیلات اور کوائف حکومت کو پیش کئے جاسکیں۔ بعدازاں حق پرست امیدواران نے 28 دسمبر کو سانحہ لیاقت باغ کے بعد مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے شہری عثمان کی رہائش گاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ وہ کچھ دیر تک سوگوار لواحقین کے ساتھ رہے اور انہوں نے شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## کراچی سمیت سندھ کے مختلف شہروں میں قائم ایم کیوایم کے شکایتی سیلوں میں متاثرہ افراد کا ہجوم
## شکایتی سیلوں کے قیام کے پانچویں روز بھی متاثرین کی بڑی تعداد نے اپنے نقصانات کی تفصیل جمع کرائی

کراچی۔۔۔7، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ راولپنڈی لیاقت باغ کے بعد جلاؤ گھیراؤ، لوٹ مار اور پرتشدد واقعات کے متاثرین کے نقصانات کی تفصیلات جمع کرنے کے سلسلے میں قائم شکایتی سیلوں میں متاثرہ عوام کا ہجوم دیکھنے میں آرہا ہے اور شکایتی سیلوں کے قیام کے پانچویں روز بھی متاثرین نے رابطہ کرکے اپنے کوائف اور نقصانات کی تفصیل جمع کرائی۔ اس موقع پر بیشتر متاثرین اپنے نقصانات کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے شدت جذبات سے بے قابو ہوگئے اور انہوں نے بتایا کہ شرپسندوں نے ان کا سب کچھ لوٹ لیا ہے اور اب ان کے گھروں میں فاقہ کشی کی نوبت آگئی ہے۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے متاثرین کو دلاسہ دیتے ہوئے کہا کہ مسلح دہشت گردوں نے سانحہ لیاقت باغ راولپنڈی کے بعد جس طرح گھروں، فیکٹریوں، دکانوں، پیٹرول پمپوں اور دفاتر کو لوٹ مار کے بعد نذرآتش کیا ہے وہ قابل مذمت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم متاثرین کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور ان کے نقصانات کے ازالہ کیلئے ہرممکن کردار ادا کررہی ہے۔ اس موقع پر متاثرین نے نقصانات کے ازالے کیلئے ایم کیوایم کی کاوشوں کو سراہا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## حق پرست امیدواران برائے این اے 239 کے ایس مجاہد بلوچ اور پی ایس 128 سردار خان کی ماری پور ٹرک اسٹینڈ کا دورہ کرکے متاثرہ ٹرانسپورٹر سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔7، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این 239 کے ایس مجاہد بلوچ اور امیدوار برائے پی ایس 128 سردار خان نے پیر کے روز ماڑی پور ٹرک اسٹینڈ کا دورہ کرکے سانحہ راولپنڈی لیاقت باغ کے بعد جلاؤ گھیراؤ کی وارداتوں سے متاثرہ ٹرانسپورٹرز سے ملاقات کی اور ان کے ٹرالرز نذرآتش کئے جانے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر متاثرہ ٹرانسپورٹرز نے کے ایس مجاہد بلوچ اور سردار خان کو بتایا کہ دہشت گردوں نے کراچی میں ان کے 15 ٹرالرز نذرآتش کردیئے ہیں جبکہ حیدرآباد، ہالا اور رانی پور میں بھی ان کے ٹرالرز لوٹ مار کے بعد نذرآتش کردیئے گئے ہیں جس کے باعث ماڑی پور ٹرانسپورٹ برادری کو شدید مالی نقصانات کا سامنا ہے۔ حق پرست امیدواران کے ایس مجاہد بلوچ اور سردار خان نے متاثرہ ٹرانسپورٹ مالکان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم کی جانب سے متاثرین کے نقصانات کے ازالے کیلئے ہرممکن کوشش کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆